www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | 744 314 409 305 | Member APNS/CPNE | نوکِ قلم کی حرمت کا پاسبان

روزنامہ
قدامت
Daily QADAMAT Lahore
لاہور

ایڈیٹر انچیف: ایم گلزار مصطفائی
مینجنگ ایڈیٹر: عمران انجم
ایڈیٹر: کاشف شہزاد

جلد نمبر 16 | بدھ 12 شوال المکرم 1447ھ یکم اپریل 2026ء | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 115

آئی ایم ایف کا پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا مطالبہ

پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم مزید مہنگا ہونے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف کی وفاقی بجٹ میں ٹیکس وصولیوں کا ہدف 15 ہزار 600 ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دیدی، ذرائع

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) آئی ایم ایف نے پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا مطالبہ کردیا جس کے بعد پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم مزید مہنگا ہونے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال 2026-27

بقیہ نمبر 33

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان داتا دربار پر حاضری کے موقع پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

ایران نے اصفہان میں 3 کروڑ ڈالر کا امریکی ڈرون مار گرایا

تہران (نیٹ نیوز) ایران نے اصفہان میں

بقیہ نمبر 34

وزیر خزانہ سے وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کی ملاقات

سینیٹر اورنگزیب کی جائز مسائل کے حل کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی

وفاقی حکومت کا صوبوں کو مالی چیلنجز سے نمٹنے میں تعاون جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ملاقات کی جس میں وزیر خزانہ نے جائز مسائل کے حل کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات وزارت خزانہ میں خوشگوار ماحول

بقیہ نمبر 32

تاجر عامر کے قتل میں ملوث ملزمان گرفتار

گینگ کا تعلق کے پی سے ہے: طلال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر مملکت برائے

بقیہ نمبر 35

امریکا کا ایران پر 2 ہزار پاؤنڈ وزنی بنکر بسٹر بموں سے حملہ، B-52 بمبار طیاروں کی پروازیں

آبنائے ہرمز کی وجہ سے جیٹ فیول حاصل نہ کرنیوالے ممالک کیلئے تجویز ہے، جیٹ فیول امریکا سے خریدیں، ہمارے پاس وافر مقدار موجود

ایران کو شدید نقصان پہنچ چکا، امریکا بھی اب مدد کیلئے وہاں نہیں ہوگا جیسے ہمارے لیے آپ نہیں تھے، ٹرمپ کا حملے میں ساتھ نہ دینے والے ممالک کو انتباہ

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران جنگ میں شامل نہ ہونے پر برطانیہ اور فرانس پر تنقید کی اور کہا کہ برطانیہ نے ایران کی حکومت گرانے میں شامل ہونے سے انکار کیا۔ ایک بیان میں امریکی صدر نے کہا کہ فرانس نے فوجی سامان اسرائیل لے جانے والے طیاروں کو فضائی حدود سے گزرنے نہیں دے گا، فرانس ایران کے قصاب کے حوالے سے بہت غیر مددگار رہا، یاد رکھیں گے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز کی وجہ سے جیٹ فیول حاصل نہ کرنے والے ممالک کے لیے تجویز ہے، جیٹ فیول امریکا سے خریدیں، ہمارے

بقیہ نمبر 8

امریکا و اسرائیل کا ایرانی کینسر کی دواساز فیکٹری پر حملہ/ دشمن کی آبنائے ہرمز پر قبضے کی خواہش کبھی حقیقت نہیں بنے گی: ترجمان خاتم الانبیاء سینٹرل ہیڈکوارٹرز

امریکا کے پاس آپشنز بہت زیادہ، ایران کے پاس محدود ہیں/ آنیوالے دن جنگ کیلئے فیصلہ کن، ایران کچھ نہیں کر سکے گا: امریکی وزیر جنگ

تہران+ واشنگٹن (کائی نیوز+ این ایل آئی) امریکا کے وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ امریکا کے پاس آپشن بہت زیادہ اور ایران کے پاس آپشن محدود ہیں۔ آنیوالے دن ایران جنگ کیلئے فیصلہ کن ہوں گے اور ایران کچھ نہیں کر سکے گا۔ واشنگٹن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پیٹ ہیگسیتھ کا کہنا تھا کہ بھرپور طاقت سے ایران کے اندر حملے کر رہے ہیں، ایران کی فضائی حدود میں کارروائیاں کر رہے ہیں۔ امریکی وزیر جنگ نے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ایران کی طرف سے کم تعداد میں میزائل فائر کیے گئے ہیں۔ سیکریٹری وار

بقیہ نمبر 31

☆☆..........آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی جنرل کونسل کا سالانہ اجلاس..........☆☆

سینیٹر سرمد علی صدر، ناز آفرین لاکھانی سینئر نائب صدر، اطہر قاضی جنرل سیکرٹری منتخب

نوید کاشف فنانس سیکرٹری منتخب/ اجلاس میں سال 2025ء کے سالانہ حسابات کی رپورٹ کی متفقہ منظوری دیدی گئی

جنرل کونسل کا بذریعہ قرارداد خطے کی موجودہ صورتحال اور معاشی بحران کے دور میں پرنٹ میڈیا کے ابتر حالات پر تشویش کا اظہار

کراچی (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی جنرل کونسل کے سالانہ اجلاس منعقدہ مورخہ 31 مارچ 2026ء نے رواں سال کیلئے متفقہ طور پر سینیٹر سرمد علی کو صدر، محترمہ ناز آفرین سہگل لاکھانی سینئر نائب صدر، شہاب زبیری نائب صدر، محمد اطہر قاضی سیکرٹری جنرل، محسن بلال جوائنٹ سیکرٹری اور نوید کاشف کو فنانس سیکرٹری منتخب کیا۔ سالانہ اجلاس عام صدر سینیٹر سرمد علی کی زیر

بقیہ نمبر 30

کراچی، اے پی این ایس جنرل کونسل اجلاس کی صدارت سینیٹر سرمد علی کر رہے ہیں

لیڈی ولنگڈن ہسپتال میں ویڈیو معاملہ پر محکمہ صحت کی سخت کارروائی کا آغاز

ذمہ دار سینئر انتظامی افسران کو شوکاز نوٹس جاری، پی ایم ڈی سی کو بھی پانچ پوسٹ گریجوایٹ ڈاکٹروں کیلئے خلاف خط ارسال

سیکرٹری قانون وبلدیات ہیئرنگ آفیسر مقرر، ایم ایس، ایچ او ڈی اور دیگر سینئر ڈاکٹرز فرائض میں غفلت اور کوتاہی کے مرتکب قرار

لاہور (کائی نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر لیڈی ولنگڈن ہسپتال میں مبینہ

بقیہ نمبر 9

لاہور ایئرپورٹ پر جعلی شناخت پر اٹلی جانیوالا مسافر گرفتار

ملزم اپنے بھائی کی دستاویزات استعمال کرکے اٹلی جانے کی کوشش کر رہا تھا، ذرائع

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ایئرپورٹ پر ایف آئی اے نے ایک مسافر کو گرفتار کرلیا جو جعلی شناخت ظاہر کرکے اٹلی جانے کی کوشش کر رہا تھا۔ ترجمان

بقیہ نمبر 10

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب کی سینئر مشیر سینیٹر انوشہ رحمان آئی ٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

جھنگ میں دوسری سالانہ قومی قرآنی خطاطی نمائش کا انعقاد

صدارتی ایوارڈ یافتہ اشرف ہیرا سمیت ملک بھر سے نامور خطاط حضرات شریک

روح پرور تقریب کے آرگنائزر اشرف صابر اور صدر سید شاہنواز حسین تھے

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ میں دوسری سالانہ قومی قرآنی خطاطی نمائش کا انعقاد، صدارتی ایوارڈ یافتہ اشرف ہیرا سمیت ملک بھر سے نامور

بقیہ نمبر 29

پنجاب یونیورسٹی کے اساتذہ نے ایچ ای سی کے تحت 57 ملین روپے کی تحقیقی گرانٹس جیت لی

لاہور (ایجوکیشن ڈیسک) ہائیر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے پنجاب یونیورسٹی کے اساتذہ کو

بقیہ نمبر 11

لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران ودیگر کا گروپ فوٹو

آئی ٹی سیکٹر کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح: سینیٹر انوشہ رحمان

پائیدار ترقی کیلئے فرنٹیئر ٹیکنالوجی پر کام کرنا ناگزیر ہے، اجلاس میں بات چیت

لاہور (جنرل رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کی سینئر ایڈوائزر سینیٹر انوشہ رحمان نے کہا ہے کہ حکومت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے ٹھوس عملی

بقیہ نمبر 28

جیل میں قید پی ٹی آئی رہنماؤں کا بشریٰ بی بی کو ہسپتال منتقل کرنے کا مطالبہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی رہنماؤں نے بشریٰ بی بی کو ہسپتال منتقل

بقیہ نمبر 12

ننکانہ صاحب کی خوبصورتی میں PHA کا موثر کردار

ایم ڈی ہارٹی کلچرل ایجنسی تسلیم اختر راؤ کی زیر نگرانی شہر کے داخلی وخارجی راستوں پارکس، چوک چوراہے اور گرین بیلٹس کی بہترین انداز میں تزئین وآرائش مکمل

ننکانہ صاحب میں ہارٹیکلچر ایجنسی کے قیام کے بعد شہر بھر کے پارکس اور گرین بیلٹس کی تزئین وآرائش اور خوبصورتی نے شہر کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دیئے، شہری حلقوں کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ایم ڈی تسلیم اختر راؤ کو زبردست خراج تحسین۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کی طرف سے چند ماہ قبل ننکانہ صاحب میں ہارٹیکلچر ایجنسی کا قیام عمل میں لایا گیا جس کے بعد شہر بھر کے تمام پارکس، گرین بیلٹس اور چوکوں/چوراہوں کی تزئین وآرائش و دیکھ بھال کی ذمہ داری متعلقہ ایجنسی کے سپرد کردی گئی، ڈپٹی کمشنر/ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی تسلیم اختر راؤ، ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ فنانس) عامر اختر بٹ اور ڈائریکٹر (ہارٹیکلچر) محمد سمیر سعید کی زیر نگرانی ہارٹیکلچر ایجنسی ننکانہ صاحب کے عملہ نے شہر بھر کے داخلی اور خارجی راستوں سمیت تمام پارکس، چوک/چوراہوں اور گرین بیلٹس کی تزئین و آرائش کرنے سمیت نئے پھولدار اور پھلدار پودے لگانے کا سلسلہ شروع کردیا اس موقع پر ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ فنانس) ہارٹیکلچر ایجنسی ننکانہ عامر اختر بٹ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو خوبصورت اور صاف وشفاف ماحول کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کے احکامات کی روشنی میں ہارٹیکلچر ایجنسی ننکانہ صاحب نے ماہ رمضان المبارک میں شہر بھر کے تمام چوکوں و چوراہوں جن میں دھولر چوک، یادگار چوک، شاہین چوک، مانانوالہ چوک، کچہری چوک ودیگر شامل ہیں پر خوبصورت لائٹنگ کے انتظامات کرنے سمیت انٹری واایگزٹ گیٹ نصب کروائے جو کہ ننکانہ صاحب کی تاریخ میں ایک مثال تھے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر/ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی ننکانہ صاحب کو پھولوں کا شہر بنانے اور اس کی خوبصورتی کیلئے دن رات کوشاں ہیں ڈپٹی کمشنر/ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی کی ہدایت پر شہر بھر کے مختلف پارکس، گرین بیلٹس، روڈز ودیگر مقامات پر پچھلے دو ماہ کے دوران 4 لاکھ سے زائد پھولدار اور پھلدار پودے لگائے گئے ہیں جن کی دیکھ بھال کے لئے عملہ کی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں جو روزانہ کی بنیاد پر پودوں کی دیکھ بھال ان کی کانٹ چھانٹ اور پانی وغیرہ لگانے میں مصروف ہیں جبکہ عملہ کی نگرانی کے لئے مختلف افسران کی ڈیوٹیاں بھی لگا رکھی ہیں انہوں نے کہا کہ پہلے موسمی پھولدار اور پھلدار پودوں کی پنیری وغیرہ پتوکی، شیخوپورہ سمیت دیگر اضلاع سے منگوانی پڑتی تھی جس کیلئے خطیر رقم استعمال ہوتی تھی، ہارٹیکلچر ایجنسی نے کفایت شعاری مہم کو اپناتے ہوئے نرسری چندر کوٹ سمیت دیگر مقامات پر عارضی نرسریاں قائم کرکے مقامی سطح پر پھولوں اور پھلدار پودوں کی پنیریاں تیار کرنا شروع کردی ہیں اور مقامی سطح پر 4 لاکھ سے زائد موسمی پھولوں کی پنیری تیار کرکے مختلف دفاتر، پارکس، گریٹ بیلٹس وغیرہ پر لگائی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عیدالفطر کے تینوں ایام میں ہارٹیکلچر ایجنسی کے تمام افسران وعملہ کی چھٹیاں منسوخ تھیں جو عیدالفطر کے موقعہ پر بھی شہریوں کو خوشگوار اور صاف ستھرا ماحول کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے پارکوں/گرین بیلٹس کی دیکھ بھال اور صفائی ستھرائی کے کاموں میں مصروف رہا جبکہ ہارٹیکلچر ایجنسی کی طرف سے عیدالفطر کے موقعہ پر ننکانہ مانکانوالہ روڈ، نزد موٹروے انٹرچینج، یادگار چوک، انٹری گیٹ ننکانہ مانانوالہ روڈ سمیت دیگر مقامات کو برقی قمقموں اور خوبصورت لائٹنگ سے دلہن کی طرح سجا رکھا تھا جو نہ صرف ننکانہ صاحب کے عوام بلکہ دیگر شہروں سے آنے والے لوگوں کے لئے بھی قابل دید تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہارٹیکلچر ایجنسی آئندہ بھی قومی و مذہبی تہواروں سمیت دیگر تہواروں پر اپنی بھرپور خدمات جاری رکھے گی، شہر کی خوبصورتی پر کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا انہوں نے ننکانہ صاحب کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ہارٹیکلچر ایجنسی کی طرف سے لگائے جانے والے پودوں اور مختلف مونومنٹس کی تنصیبات کی دیکھ بھال اور حفاظت میں انتظامیہ کا ساتھ دیں، ننکانہ صاحب آپ کا شہر ہے اور اس کے اثاثہ جات کی حفاظت اور خوبصورتی میں اضافہ کے لئے ہم سب کو مل جل کر کام کرنا ہوگا تاکہ ننکانہ صاحب نہ صرف ملک پاکستان بلکہ پوری دنیا میں اپنی خوبصورتی کے لحاظ سے نمایاں ہوکر ابھرے۔

اسسٹنٹ کمشنر پسرور کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ

مختلف وارڈز، ایمرجنسی بلاک اور آؤٹ ڈور شعبوں کا معائنہ، سہولیات کا جائزہ

مریضوں اور لواحقین سے ہسپتال عملے کے رویہ، مفت ادویات کی فراہمی پر استفسار

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اسسٹنٹ کمشنر پسرور

بقیہ نمبر 27

کہروڑپکا: ممبر پنجاب بار کونسل رانا لیاقت، صدر عبدالستار، جنرل سیکرٹری چوہدری اکرام کے ہمراہ باب ختم نبوت کا افتتاح کر رہے ہیں، دوسری جانب بار میں وکلاء کیساتھ بات چیت کر رہے ہیں

ہمارے مسائل مشترکہ، جن کیلئے کھڑا ہونا پڑیگا، رانا لیاقت

بائیومیٹرک انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ، اسے ختم ہونا چاہئے، ممبر پنجاب بار کونسل

باب ختم نبوت کے توسیعی منصوبے کا افتتاح، وکلا کے اعزاز میں ظہرانہ بھی

کہروڑپکا (نعیم شاہ) ہمارے مسائل مشترکہ ہیں حل کے لیے کھڑا ہونا پڑیگا رانا لیاقت ممبر پنجاب بار، بائیومیٹرک انصاف کی فراہمی میں بڑی رکاوٹ ہے اسے ختم ہونا چاہیے صدر بار تفصیل کے مطابق ممبر پنجاب بار کونسل رانا لیاقت علی خان نے گزشتہ

بقیہ نمبر 26

اٹھارہ ہزاری سے غیر قانونی آتش بازی کا سامان برآمد

تھانہ گڑھ مہاراجہ پولیس کی موثر کارروائی، ملزم گرفتار، مقدمہ درج، تفتیش شروع

عوام کی جان ومال کو خطرے میں ڈالنے والوں کیخلاف مزید کارروائیوں کا عندیہ

اٹھارہ ہزاری (تحصیل رپورٹر) نواحی علاقہ موضع باہڑ، تھانہ گڑھ مہاراجہ کی حدود میں سی آئی اے پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی آتش بازی کا بھاری سامان برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سی آئی اے پولیس نے کوٹ بہادر شاہ،

بقیہ نمبر 25

آتش بازی کا سامان تیار کرنیوالا ملزم تھانہ گڑھ مہاراجہ پولیس کی حراست میں کھڑا ہے

ٹبی کھلی کے مقام پر رجباہ ایل ون کا شگاف مکمل بند

شگاف گزشتہ سات ماہ سے کسانوں کیلئے شدید مشکلات کا باعث بنا ہوا تھا

کسانوں کو فصلوں کیلئے پانی کی شدید قلت کا سامنا، مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا

اٹھارہ ہزاری (تحصیل رپورٹر) ٹبی کھلی کے مقام پر رجباہ ایل ون کا شگاف بالآخر مکمل طور پر بند کر دیا گیا، جو 2025 کے سیلاب کے دوران پڑا تھا اور گزشتہ سات ماہ سے کسانوں کے لیے شدید مشکلات کا باعث بنا ہوا تھا۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 24

ایران اور اسرائیل کشیدگی کے مقامی سطح پر اثرات واضح

اٹھارہ ہزاری اور گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو، اشیائے ضروریہ مزید مہنگی

مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے فوری اور موثر اقدامات کئے جائیں، شہریوں کا مطالبہ

اٹھارہ ہزاری (تحصیل رپورٹر) ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے اثرات مقامی سطح پر بھی ظاہر ہونا شروع ہوگئے ہیں، جس کے

بقیہ نمبر 23

ضلع بھر میں قیام امن یقینی بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر جھنگ متحرک

اہم اجلاس کی صدارت، ڈی پی او سمیت تمام متعلقہ حکام شریک، ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ

قانون ہاتھ میں لینے والے اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے، علی اکبر بھنڈر

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساجد حسین کی زیر صدارت

بقیہ نمبر 13

ضلع قصور میں روڈ سیکٹر کی ترقیاتی سکیموں کا جائزہ اجلاس

کمرشل پراپرٹیز سے متعلق امور کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے، ڈپٹی کمشنر

قصور (عباس علی بھٹی بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی زیر صدارت روڈ سیکٹر کی ترقیاتی اسکیموں اور میونسپل کمیٹی کی کمرشل پراپرٹیز کے جائزہ اجلاس۔ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور میونسپل کمیٹی کی کمرشل

بقیہ نمبر 14

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے داخلوں کی آخری تاریخ میں 15 اپریل تک توسیع

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) علامہ اقبال اوپن

بقیہ نمبر 15

کہروڑپکا: رقاصائیں اور ملزمان تھانہ سٹی پولیس کی حراست میں کھڑے ہیں

ڈی پی او سیالکوٹ کے اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی شکایات پر احکامات جاری

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) آئی جی پنجاب

بقیہ نمبر 16

یو ای ٹی لاہور میں آج سے فزیکل کلاسز کا دوبارہ آغاز

لاہور (جنرل رپورٹر) یو ای ٹی لاہور میں آج

بقیہ نمبر 17

تھانہ سٹی پولیس کہروڑپکا کی کارروائی، چھ افراد گرفتار

ایک اشتہاری فرار ہونے میں کامیاب، ملزم فحش گانوں پر مجرہ کر رہے تھے، ایس ایچ او

کہروڑپکا (نعیم شاہ) اشتہاری مجرم کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مجرہ کرتی دو رقاصاؤں سمیت چھ افراد گرفتار اشتہاری فرار مقدمہ درج تفصیل کے مطابق

بقیہ نمبر 18

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا 151 واں اجلاس، متعلقہ حکام شریک

عوام کو معیاری و محفوظ ادویات کی فراہمی یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح، صبا اصغر

سماعت کے دوران ممنوعہ اور غیر رجسٹرڈ ادویات کی فروخت اور ڈرگ کنٹرول ایکٹ کی خلاف ورزیوں پر سخت کارروائی

ڈی سی نے 7 میڈیکل سٹورز کے چالان ڈرگ کورٹ بھجوا دیئے، 16 کو وارننگ، 6 کی دوبارہ چیکنگ کے احکامات دیدیئے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول

بقیہ نمبر 19

کہروڑپکا سٹی پولیس کی کارروائی، منشیات فروش گرفتار

ملزم سے ایک کلو سے زائد آئس برآمد، دوسری کارروائی میں 9 جواری پکڑے گئے

داؤ پر لگی رقم برآمد، ٹارگٹڈ آپریشن میں تیزی لائی جا رہی ہے، ایس ایچ او عبدالرحمٰن گل

کہروڑپکا (نعیم شاہ) ایس ایچ او تھانہ سٹی کے ایس ایچ او عبدالرحمٰن گل نے خفیہ اطلاع پر مصطفیٰ کالونی سواری کے انتظار میں کھڑے منشیات فروش کارروائی، منشیات فروش گرفتار، 1 کلو سے زائد آئس برآمد مقدمہ درج تفصیل کے مطابق پولیس تھانہ سٹی

بقیہ نمبر 21

سمبڑیال میں تجاوزات پر 12 دکانیں سربمہر، سامان ضبط

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر

بقیہ نمبر 20

محکمہ زراعت پنجاب کی آم کے تیلے کے انسداد بارے سفارشات جاری

لاہور (پ ر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آم کا تیلہ ایک خطرناک کیڑا ہے جو پودوں کو

بقیہ نمبر 22

کہروڑپکا: منشیات فروش وسیم بلوچ آئس سمیت اور جواری پولیس کی حراست میں کھڑے ہیں

بعدالت جناب خدیجہ فاروق صاحبہ

سول جج گوجرانوالہ۔ عنوان اقراء اصغر وغیرہ بنام علی اصغر وغیرہ۔ دعوی دلا پانے خرچہ نان نفقہ وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام علی اصغر ولد محمد منشاء، غضنفر علی ولد محمد منشاء ساکنان شاہ رحمٰن محلہ گلی نمبر 2 چندر کلاں بھڑی خورد تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقرر مورخہ 29 اپریل 2026 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آوے ورنہ عدم حاضری کی صورت میں کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

عنوان غلام مصطفیٰ بنام تحصیلدار وغیرہ۔ دعوی استقرار حق۔ اخبار اشتہار بنام تحصیلدار صدر گوجرانوالہ، ریونیو آفیسر گوجرانوالہ، حلقہ پٹواری کوہلووالہ تحصیل صدر ضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقرر مورخہ 2 اپریل 2026 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آوے ورنہ عدم حاضری کی صورت میں کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سارہ احمد صاحبہ سول جج فیملی کورٹ جڑانوالہ

دعویٰ تنسیخ نکاح سحرش بی بی بنام شہباز ریاست اخبار اشتہار بنام شہباز ریاست ولد ملک ریاست علی قوم وسیر سکنہ چک نمبر 229 ر۔ب علانہ مکوآنہ چوک نزد مدرسہ تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ/ مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر وہ حاضر عدالت نہ آئے ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقرر مورخہ 02-04-2026 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں۔ ورنہ عدم حاضر کی صورت میں کاروئی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب حلقہ ریونیو جڑانوالہ/ ADLR جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد نواز ولد نواب سکنہ چک نمبر 240 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی ہے فوت ہو چکا ہے۔ اس کے وارثان میں سے نواب والد، مراداں بی بی والدہ، ظہراں بی بی زوجہ، منور نواز پسر پہلے فوت شدگان، تنویر نواز، شبیر حسین، محمد ادریس، نعمان نواز حیدر، پسران عذراں نواز، شاہدہ پروین، ثوبیہ نواز دختران زندہ وارثان ظاہر کیئے گئے ہیں اگر ان کے خلاف جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم اشاعت اخبار اشتہار کے میرے روبرو پیش ہو۔ ورنہ انتقال تصدیق/ پاس کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب حافظ محمد زبیر صاحب

سینئر سول جج گارڈین کورٹ منڈی بہاءالدین

عنوان: صفیہ فیض بنام قیصر شہزاد، دعویٰ

بعدالت جناب نواز اشرف صاحب

سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق بعنوان: محمد ندیم بٹ بنام عوام الناس وغیرہ محمد ندیم بٹ ولد محمد صدیق بٹ سکنہ بیرون ملک بذریعہ سپیشل اٹارنی جہانزیب ولد محمد عظیم سکنہ 349 نظام بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعوی برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 08-04-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب چوہدری ظہیر عباس صاحب سول جج جڑانوالہ

دعویٰ توثیق قبضہ صدی احمد بنام نفر علی وغیرہ اخبار اشتہار بنام نفر علی ولد غلام خاں عرف گلو قوم بلوچ متوفی بذریعہ وارثان، بشیر احمد، نذیر احمد، محمد امین، پسران نور محمد، فوت شد برادر، مدعا علیہ نمبر 1 متوفی، حاجراں، بشیراں، امیراں دختران نور محمد، امانت علی پسر شمع، سکینہ بی بی دختر شمع، فوت شد، برادر مدعا علیہ نمبر 1 متوفی، محمد یوسف، یعقوب پسران منظور، نسیم بی بی دختر منظور، منظور فوت شد برادر، مدعا علیہ نمبر 1 اقوام بلوچ ساکنان چک نمبر 144 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ/ مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر وہ حاضر عدالت نہ آئے ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقرر مورخہ 14-04-2026 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں۔ ورنہ عدم حاضر کی صورت میں کاروئی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب حلقہ ریونیو جڑانوالہ/ ADLR جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حلیمہ بی بی دختر موکھا سکنہ چک نمبر 356 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی ہے فوت ہو چکی ہے۔ اس کے وارثان میں سے موکھا والد، صاباں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، محمد عباس خاوند، اللہ دتہ، محمود احمد، پسران مزمل بی بی، صاحب بی بی، عابدہ بی بی، فردوس بی بی، آسیہ بی بی دختران زندہ وارثان ظاہر کیئے گئے ہیں اگر ان کے خلاف جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم اشاعت اخبار اشتہار کے میرے روبرو پیش ہو۔ ورنہ انتقال تصدیق/ پاس کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ناصر حبیب صاحب

سول جج منڈی بہاءالدین

عنوان: اقصیٰ اعجاز وغیرہ بنام تصور اقبال، دعوی دلا پانے خرچہ نان و نفقہ، اشتہار اخبار بنام تصور اقبال ولد غلام قادر قوم موچی سکنہ کندھانوالہ تحصیل و ضلع منڈی بہاءالدین دعویٰ

اشتہار برائے عارضی بھرتی

فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف ڈینٹل سائنسز، جوبلی ٹاؤن، لاہور میں درج ذیل آسامیوں کیلئے عارضی اور خالصتاً 89 دن کی بھرتی کیلئے درخواستیں درکار ہیں۔

نمبر شمار	پوزیشن	کیٹیگری	قابلیت / تجربہ
1	اسسٹنٹ مونٹیسوری ٹیچر برائے ڈے کیئر	ہنر مند	بی۔اے/ بی۔ایس۔سی/ 3 سال کا تجربہ متعلقہ شعبہ میں
2	آیا/ ہیلپر برائے ڈے کیئر	غیر ہنر مند	مڈل پاس/ 5-3 سال کا تجربہ متعلقہ شعبہ میں
3	فیمیل ریسپشنسٹ برائے ہاسٹل	غیر ہنر مند	مڈل پاس/ 5-3 سال کا تجربہ متعلقہ شعبہ میں
4	بس ڈرائیور	ہنر مند	میٹرک، HTV/PSV لائسنس بمعہ 5 سال کا تجربہ
5	اٹنڈنٹ	غیر ہنر مند	مڈل پاس

قواعد و شرائط:

1۔ حکومت پنجاب کی طرف سے مقرر کردہ ڈیلی ویجز کی شرائط کے مطابق تنخواہ دی جائے گی۔

2۔ درخواست کے ساتھ تعلیمی قابلیت، ڈومیسائل، شناختی کارڈ اور تجربہ کا سرٹیفکیٹ لگانا لازمی ہے۔

3۔ سیریل نمبر 1،4 کی حد عمر 45-30 سال تک قابل قبول ہے۔

4۔ سیریل نمبر 2،3 کی حد عمر 25-18 سال بمعہ 8 سال کی رعایت (بحکم گورنمنٹ آف پنجاب) تک قابل قبول ہے۔

5۔ سیریل نمبر 5 کی حد عمر 25-18 سال تک بمعہ 5 سال کی رعایت (بحکم گورنمنٹ آف پنجاب) قابل قبول ہے۔

6۔ خواہشمند افراد اپنی درخواست بمعہ متعلقہ کاغذات ایڈمن آفیسر کے پاس 10-04-2026 تک جمع کروائیں۔

7۔ مجاز اتھارٹی ادارہ حاجاتی ضرورت کے مطابق آسامیوں کی تعداد کا تعین کرے گی۔

8۔ کاغذات کی روشنی میں اہل امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے بلایا جائے گا۔

9۔ سیریل نمبر 1،2،3 کی پوزیشن پر صرف فی میل امیدوار ہی درخواست دینے کی اہل ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر ارمغان اسرار مرزا

ڈین

فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف ڈینٹل سائنسز، لاہور

IPL-3119

بقیہ 1

شرکت کی، جبکہ پروگرام نہایت منظم اور باوقار انداز میں منعقد ہوا ادارے کے پرنسپل سید لیاقت حسین شاہ نے اپنے خصوصی خطاب میں تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ قوموں کی ترقی کا دارومدار معیاری تعلیم پر ہے۔ انہوں نے سکول کی نمایاں کارکردگی، حاصل شدہ اعزازات، اساتذہ کی انتھک محنت اور طلباء کی لگن کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل ہی پاکستان کے روشن مستقبل کی ضامن ہے اور تعلیم کے ذریعے ہی ملک کی سالمیت اور استحکام کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ تقریب کے دوران پوزیشن ہولڈرز طلباء کو انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا، جس سے طلباء کے حوصلے مزید بلند ہوئے۔ پروگرام کی نظامت کے فرائض نعیم صدیقی نے احسن انداز میں سرانجام دیے اور اپنے منفرد انداز گفتگو سے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ تقریب کا اختتام دعا پر ہوا جس میں ملک وقوم کی ترقی، سلامتی اور طلباء کی کامیابی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

بقیہ 2

کی، اس موقع پر مہمانوں نے پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کیے، تقریب کے دوران رائے صفدر علی خاں کھرل اور چوہدری ذوالفقار علی نے سکول میں ٹف ٹائل لگوانے کا اعلان کیا جس پر بہت جلد کام شروع کر دیا جائے گا جبکہ سردار اصغر ڈوگر نے اپنے والد محترم کے نام پر ہال کی تعمیر کا بھی اعلان کیا، اس موقع پر نذیر احمد جاوید، محمد اکرم شمس، اعجاز علی، سیف اللہ انیس، جمیل احمد کوکب، محمد عامر حسین اور ارشاد احمد وٹو کو بیسٹ ٹیچر ایوارڈز دیئے گئے۔

بقیہ 3

کرنے میں مدد کی اپیل، تفصیلات کے مطابق امیر کالونی شرقی بستی کی رہائشی 25 سالہ ذہنی معذور شادی شدہ خاتون مہناز بی بی 29 مارچ کی رات ایک بجے کے قریب دروازہ کھول کر باہر نکلی اور تاحال واپس نہ آئی ہے، جس کسے کو ملے یا کوئی اس کے بارے میں جانتا ہو تو اس کے خاوند محمد عمر کے موبائل نمبر 03087537796 یا مہر غفار کے موبائل نمبر 03008146938 پر اطلاع دیں. یا اسے چیئرمین رفیق انصاری کے فارم پر پہنچا دیں۔

بقیہ 4

نے شہری ابرار سے اسلحہ کے زور پر نقدی چھینی، جس پر اطلاع ملنے کے بعد ایس ایچ او سید علی رضا شاہ اور ان کی ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا ڈھولا ڈھپئی کے قریب پہنچتے ہی ملزمان نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے بھی دفاعی حکمت عملی کے تحت مؤثر جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھی کی گولی کا نشانہ بن کر زخمی ہوا، جسے فوراً حراست میں لے کر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، اور اس کے قبضے سے چھینی گئی نقدی اور اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں اور علاقے کا مکمل گھیراؤ کر کے سرچ آپریشن جاری ہے اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ نے واضح کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 5

کھانوں سے کی گئی۔ نمایاں شرکاء تقریب میں بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران، سینئر وکلاء، جوڈیشل افسران اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ شرکا نے دولہا کو زندگی کے نئے سفر کے آغاز پر مبارکباد پیش کی اور گلدستے پیش کیے۔ نیک تمناؤں کا اظہار سونو رپورٹر سے گفتگو کرتے ہوئے شرکاء کا کہنا تھا کہ احسان ہاشمی ایک قابل وکیل ہونے کے ساتھ ساتھ ایک انتہائی ملنسار انسان بھی ہیں۔ تمام عزیز و اقارب اور دوستوں نے نو بیاہتا جوڑے کی خوشحال زندگی اور مستقبل کیلئے دعا کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 6

کارروائی عمل میں لائی جائے گی، بعدازاں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد نے دیگر پولیس افسران کے ہمراہ مختلف وارداتوں میں برآمد ہونے والا لاکھوں روپے مالیت کا سامان مسروقہ اور نقدی اصل مالکان کے حوالے کی جس پر لوگوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ایس ایچ او بڑا گھر ملک عثمان طارق اور انچارج پولیس چوکی نچکی چوہدری الطاف حسین جٹ کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ 7

رہیں۔ محفل میں سیاسی وسماجی شخصیات میں چوہدری محمد جمیل اور مسلم لیگ ن سعودیہ عرب مرکزی کمیٹی کے رہنما ملک راشد پرویز آف کھوروال. ملک عامر خان. ملک سلیم عوان، عوامی پریس کلب کے ممبران پاکستان پریس کلب کے ممبران سمیت دیگر معززین نے شرکت کی، جبکہ اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے بھی بھرپور حاضری دیکر مرحومہ کے اہل خانہ کے ساتھ اپنی دلی وابستگی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ 8

پاس وافر مقدار موجود ہے۔ انھوں نے کہا ہمت پیدا کریں، آبنائے ہرمز کی طرف جائیں اور فیول حاصل کرلیں۔ ٹرمپ نے کہا امریکا اب مدد کے لیے موجود نہیں ہوگا، بالکل ویسے ہی جیسے آپ ہمارے لیے موجود نہیں تھے۔

بقیہ 9

ویڈیو پر محکمہ صحت سخت کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے سخت نوٹس پر محکمہ صحت نے ذمہ دار سینئر انتظامی افسران کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے ہیں۔ پانچ پوسٹ گریجوایٹ ڈاکٹروں کیلئے خلاف پی ایم ڈی سی کو بھی خط لکھ دیا گیا ہے۔ لیڈی ولنگڈن ویڈیو کیس میں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹنگ کونسل کو بھی پانچ ڈاکٹروں کیخلاف انضباطی کارروائی کیلئے باضابطہ لیٹر جاری کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوز شریف کی ہدایت پر محکمہ صحت دوران آپریشن مریضہ کی ویڈیو بنانے پر ڈاکٹر طیبہ، ڈاکٹر ماہم، ڈاکٹر زینب، ڈاکٹر عائشہ اور ڈاکٹر عیسیٰ کیخلاف کارروائی کرے گا۔ محکمہ سپشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی طرف سے سابق ایم ایس، سینئر کنسلٹنٹ، سینئر رجسٹرار، سینئر میڈیکل آفیسر اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کو باضابطہ شوکاز نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ سابق ایم ایس ڈاکٹر فرح، ایچ او ڈی ڈاکٹر عظمیٰ، سینئر کنسلٹنٹ اینٹھریا، ڈاکٹر منیر، سینئر رجسٹرار ڈاکٹر روطابہ، سینئر رجسٹرار ڈاکٹر منزہ، سینئر ویمن میڈیکل آفیسر ڈاکٹر درہ ارم کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 10

ایف آئی اے کے مطابق ملزم نے خود کو رحمان طارق ظاہر کیا تاہم امیگریشن چیک کے دوران مشکوک ہونے پر مزید تفتیش کی گئی تو اس کا اصل نام محمد احسان طارق سامنے آیا ملزم اپنے بھائی محمد رحمان طارق کی دستاویزات استعمال کر کے اٹلی جانے کی کوشش کر رہا تھا جبکہ بھائی نے اٹلی سے سفری دستاویزات بذریعہ ڈاک بھیجی تھیں۔

بقیہ 11

نیشنل ریسرچ پروگرام فار یونیورسٹیز 2026ء کے تحت چھ تحقیقی گرانٹس سے نوازا ہے، جن کی مجموعی مالیت 57 ملین روپے ہے۔ یہ گرانٹس حاصل کرنے والوں میں پنجاب یونیورسٹی بیہوریل اینڈ سوشل سائنسز سے ڈاکٹر نایاب افتخار، فیکلٹی آف لائف سائنسز سے ڈاکٹر کوثر ملک، ڈاکٹر عائشہ لطیف اور ڈاکٹر صبا تسلیم جبکہ فیکلٹی آف سائنسز سے ڈاکٹر

احسان شریف اور ڈاکٹر فوزیہ اقبال شامل ہیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے اساتذہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی محنت اور علمی قابلیت کو سراہا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ تحقیقی منصوبے اپنے متعلقہ شعبوں میں جدت اور علم کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 12

کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، اعجاز چوہدری اور میاں محمود الرشید نے وکیل کے ذریعے بیان جاری کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی خراب صحت پر گہری تشویش ہے، بشریٰ بی بی مسلسل سیاسی انتقام کا نشانہ بن رہی ہیں۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کا کہنا تھا کہ بشریٰ بی بی کو فوری اور مکمل طبی سہولیات فراہم کی جائیں، بشریٰ بی بی کو ہسپتال منتقل کر کے مکمل علاج کی سہولت فراہم کی جانی چاہیے، عدالت بشریٰ بی بی کی بوگس مقدمات میں سزا کی معطلی کی درخواستوں کو فوری سنے، عدالت بشریٰ بی بی کی سزا معطل کر کے فی الفور رہائی کا حکم جاری کرے۔

بقیہ 13

ضلعی امن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران اور امن کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سوشل میڈیا پر نفرت انگیز اور فرقہ وارانہ مواد پھیلانے والوں کے خلاف بلاامتیاز اور سخت کارروائی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ سوشل میڈیا کی مؤثر اور کڑی نگرانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے واضح کیا کہ قانون ہاتھ میں لینے والے اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے اور ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 14

پراپرٹیز کے مؤثر استعمال کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں روڈ سیکٹر کی ترقیاتی سکیموں، شہری انفراسٹرکچر کی بہتری اور میونسپل کمیٹی کی آمدن میں اضافے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری، اسسٹنٹ کمشنر پتوکی نشتر رحمان لودھی نے بذریعہ ویڈیو لنک اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سعد بن شبیر سمیت متعلقہ افسران نے روڈ سیکٹر کے جاری اور مجوزہ منصوبوں پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر، مرمت اور بحالی کے کام کو تیز کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولت میسر آ سکے۔

بقیہ 15

یونیورسٹی نے سمسٹر اسپرنگ 2026 کے داخلوں کی آخری تاریخ میں 15 اپریل تک توسیع کر دی ہے، تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس موقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملک کا واحد تعلیمی ادارہ ہے جو ایسے افراد کو بھی تعلیم کے مواقع فراہم کر رہا ہے جو کسی وجہ سے اپنی تعلیم مکمل نہیں کر سکے ان خیالات کا اظہار ریجنل ڈائریکٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سیالکوٹ ریحان حسن صفتین نے اپنے دفتر میں اساتذہ اکرام کے وفد سے خصوصی ملاقات کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 16

عبدالکریم کی ہدایات کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں آنے والے شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو میرٹ کی بنیاد پر فوری ازالہ کے احکامات جاری کئے۔

بقیہ 17

بروز بدھ سے فزیکل کلاسز کا آغاز، رجسٹرار آفس نے نوٹیفیکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات کی روشنی میں یونیورسٹی میں فزیکل کلاسز کل بروز بدھ یکم اپریل 2026 سے دوبارہ شروع کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 18

تھانہ سٹی نے مخبر کی اطلاع پر محلہ ممتاز آباد میں اشتہاری مجرم حسنین میو کو پکڑنے کے لیے چھاپہ مارا تو وہاں پر موجود فیصل راجپوت نے شور مچا کر اشتہاری کو فرار کرا دیا ایس ایچ او ایس آئی عبدالرحمن گل نے بتایا کہ اس دوران وہاں پر فحش گانوں پر مجرا جاری تھا جس میں عروج خان عباسی کو بھی گرفتار کر لیا گیا اور محفل کے منتظمین ساجد اقبال... آصف میو کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضے میں ... آلات موسیقی بھی قبضے میں لے کر مختلف دفعات کے تحت مقدمہ کا اندراج کرا لیا گیا ہے۔

بقیہ 19

بورڈ (DQCB) کا 151 واں اجلاس میٹنگ روم، دفتر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ میں منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت اور ڈرگ کنٹرول سے متعلق اہم معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعیم بشیر، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ چوہدری اسلم، سیکرٹری ڈی کیو سی بی فرح مجید، ڈرگ کنٹرولرز شبنم اکرم، نوید سرور اور ابوبکر نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر سے موصول ہونے والے مجموعی طور پر 32 کیسز کی سماعت کی گئی۔ ... ادویات کی فروخت اور ڈرگ کنٹرول ایکٹ کی خلاف ورزیوں پر سخت کارروائی عمل میں لائی گئی۔ 7 میڈیکل اسٹورز کے چالان ڈرگ کورٹ بھجوا دیے گئے، 16 میڈیکل اسٹورز کو وارننگ جاری کی گئی، 6 میڈیکل اسٹورز کی دوبارہ چیکنگ کے احکامات جاری کیے گئے ... غیر قانونی ادویات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھیں۔

بقیہ 20

سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ نے میونسپل کمیٹی اور پیرا فورس کے ہمراہ مختلف بازاروں اور گردونواح میں تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کی جس کے دوران متعدد تجاوزات کنندگان کا سامان ضبط کر لیا گیا جبکہ 12 دکانوں کو سر بمہر کر دیا گیا۔ ... قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائیگی۔

بقیہ 21

وسیم بلوچ کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضے سے شاپر میں چھپائی گئی 1060 گرام کرسٹل وائٹ آئس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے ... کارروائیاں جاری رہیں گی ... آپریشن میں تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 22

بہت نقصان پہنچاتا ہے۔ اس کے تدارک کے لئے باغبان پودوں کی کانٹ چھانٹ کر کے سورج کی روشنی اور ہوا کی آمد و رفت کو بہتر بنائیں۔ سپرے سے قبل بٹور کی کٹائی کر کے زمین میں دبا دیں تاکہ تیلے کو پرورش کا موقع نہ ملے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ باغبان آم کے تیلے کے کنٹرول کے لئے نائٹروجنی کھاد کے زیادہ استعمال اور زیادہ آبپاشی سے گریز کریں۔

بقیہ 23

باعث اٹھارہ ہزاری اور گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا ہے۔ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مقامی مارکیٹ میں مختلف برانڈز کے گھی کی قیمتوں میں 30 سے 70 روپے فی کلو تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ 500 روپے فی کلو میں دستیاب گھی اب بڑھ کر 530 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہا ہے۔ اسی طرح دیگر برانڈز کے گھی کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور بعض برانڈز 580 روپے فی کلو تک پہنچ چکے ہیں۔ کوکنگ آئل کی قیمتوں میں بھی ہوشربا اضافہ سامنے آیا ہے، جہاں فی کلو قیمت میں 50 سے 100 روپے تک اضافہ ہو چکا ہے۔

بقیہ 24

سیلابی ریلوں کے باعث رجباہ ایل ون میں تقریباً دو سو میٹر چوڑا شگاف پڑ گیا تھا جس کے نتیجے میں نہری پانی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہو گئی تھی۔ اس صورتحال کے باعث علاقے کے کسانوں کو اپنی فصلوں کے لیے پانی کی شدید قلت کا سامنا رہا جبکہ مالی نقصان بھی برداشت کرنا پڑا۔ ذرائع کے مطابق شگاف کے مسئلے کو کئی بار متعلقہ حکام کے نوٹس میں لایا گیا تاہم خاطر خواہ پیش رفت نہ ہو سکی، بعدازاں میڈیا پر معاملہ اجاگر ہونے کے بعد حکام حرکت میں آئے اور مرمتی کام کا آغاز کیا گیا جو اب مکمل کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 25

موضع باہڑ میں خفیہ اطلاع پر چھاپہ مارا، جہاں سے بڑی مقدار میں غیر قانونی پٹاخے اور آتش بازی کا سامان برآمد ہوا، کارروائی سی آئی اے کے اے ایس آئی چمن عباس کی قیادت میں کی گئی، جس دوران ایک ملزم کو موقع سے گرفتار بھی کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے برآمد ہونے والا سامان خطرناک نوعیت کا تھا جو عوامی جان و مال کے لیے شدید خطرہ بن سکتا تھا۔ پولیس نے تمام برآمد شدہ سامان قبضے میں لے کر تھانہ گڑھ مہاراجہ میں مقدمہ درج کر لیا ہے جبکہ ملزم سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کو خطرے میں ڈالنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر قانونی آتش بازی کے کاروبار کو ہر صورت ختم کیا جائے گا۔

بقیہ 26

روز تحصیل بار کہروڑ پکا کا دورہ کیا اور باب ختم نبوت کے توسیعی منصوبے کا افتتاح کیا تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کہروڑ پکا بار کے جو مسائل مجھے بتائے گئے ہیں ان کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرانے کے لیے بھرپور کردار ادا کروں گا اور بائیو میٹرک کا جو ایشو ہے اس کے حل کے لیے مشترکہ کاوشیں عمل میں لائے جانا ضروری ہیں آپ تمام وکلا اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں اسی طرح صدر بار مہر عبد الستار اور جنرل سیکرٹری چوہدری اکرم میوتے بار آنے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بائیو میٹرک سسٹم کے نفاذ سے انصاف عوام تک صحیح معنوں میں نہیں پہنچ پا رہا تاخیری حربے استعمال کیے جاتے ہیں اور دیگر بھی مسائل ہیں جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ 27

سدرہ ستار نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، ایمرجنسی بلاک اور آؤٹ ڈور شعبوں کا معائنہ کیا تاکہ مریضوں کو ملنے والی سہولیات کا براہ راست مشاہدہ کیا جا سکے۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال میں ادویات کے اسٹاک اور ان کی دستیابی کے عمل کو خصوصی طور پر چیک کیا۔

بقیہ 28

اقدامات بروئے کار لا رہی ہے، پائیدار ترقی کے لئے فرنٹیئر ٹیکنالوجی کو اپنانا ناگزیر ہے، صوبہ کے 50 لاکھ طلبہ کو فرنٹیئر ٹیکنالوجیز پر ٹریننگ فراہم کی جائے گی، وزیراعلیٰ مریم نواز آئی ٹی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئی ٹی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ ظہیر حسن، صدر نیشنل انکوبیشن سنٹر لاہور (این آئی سی ایل) ایوب غوری، پروجیکٹ ڈائریکٹر این آئی سی ایل آغا عبدالرحمٰن، پرنسپل ایڈوائزر این آئی سی ایل سعد طارق موجود تھے جبکہ مختلف آئی ٹی انڈسٹریز کے سربراہان جس میں جیز کیش، ہواوئی اور وینچر کیپٹیل فنڈز کے سربراہان شامل تھے۔ اجلاس میں فرنٹیئر ٹیکنالوجی، انکوبیشن سینٹرز، ڈیجیٹل سکل ڈویلپمنٹ سمیت دیگر آئی ٹی سیکٹر میں ترقیاتی منصوبوں کے پروجیکٹس اور مختلف تجاویز و عملی اقدامات پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سینئر ایڈوائزر وسینٹر انوشہ رحمان نے کہا کہ اس اجلاس کا مقصد حکومت، انڈسٹری، اکیڈمیہ اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر پنجاب کی آئی ٹی پالیسی پر کام کرنا اور گول سیٹ کرنا ہے۔ اس حوالے سے پی سی ون تیار کیے گئے ہیں تاکہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ باہمی مشاورت کے بعد شعبہ آئی ٹی کے مینڈیٹ کو پورا کیا جا سکے۔ یہ پی سی ون منظوری کے لیے جلد وفاقی پلاننگ ڈویژن کو ارسال کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحت، زراعت، انفراسٹرکچر، اور توانائی سمیت دیگر شعبوں میں فرنٹیئر ٹیکنالوجیز کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں فرنٹیئر ٹیکنالوجی کو اپنانا کسی بھی ملک کے لیے پائیدار ترقی اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ ہونے کے لیے اب ناگزیر ہو چکا ہے، ہمیں بھی ڈیجیٹل معیشت کے فروغ، ای کامرس، فن ٹیک اور ڈیجیٹل خدمات کے ذریعے معیشت کو فروغ دینا ہو گا۔ پاکستان کی رینکنگ فرنٹیئر ٹیکنالوجیز انڈیکس میں بہتری مانگتی ہے اور آگے کے جاتے ہوئے پنجاب آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا فوکس جدید اور ابھرتی ہوئی فرنٹیئر ٹیکنالوجی کی رینکنگ میں بہتری لانے کی طرف ہو گا جس کے لیے انڈسٹری، اکیڈمیہ اور حکومت کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت فارماسوٹیکل، بائیوٹیک، انڈسٹری اور ایس ایم ایز سیکٹر کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے بھی عملی اقدامات بروئے کار لا رہی ہے۔ انوشہ رحمان نے کہا کہ آن لائن ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو بھی استعمال کرنے کی ضرورت ہے، ایک عام کسٹمر اشیا خریدتے وقت تو ٹیکس ادا کرتا ہے لیکن ہر ٹیکس ایف بی آر کو وصول نہیں ہو پاتا جس کے لیے ہمیں کیش لیس سسٹم کو استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے کسٹمر کو آگاہی اور چیمبرز کو آن بورڈ کیا جائے گا تاکہ کیش لیس سسٹم کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہوا ہے، اب جلد پنجاب میں ڈیجیٹل اکانومی اتھارٹی بھی بن رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیچرز ٹریننگ کے لیے مختلف انٹرنیشنل یونیورسٹیوں کے ساتھ معاہدہ کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف آئی ٹی سٹی منصوبہ پنجاب حکومت کی آئی ٹی اور ڈیجیٹلائزیشن کی پالیسی کا اہم حصہ ہے، اس میں ملکی اور غیر ملکی انفارمیشن ٹیکنالوجی کی کمپنیاں سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اس اہم منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب آئی ٹی میں جدت اور سرمایہ کاری کا مرکز بن رہا ہے اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے نوجوان اور آئی ٹی سے وابستہ افراد کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں جس سے صوبائی معیشت مزید مضبوط ہو گی۔ قبل ازیں فرنٹیئر ٹیکنالوجیز اور جدت پر ڈسکشن سیشن منعقد ہوا جس میں شرکا نے معاشی ترقی میں مصنوعی ذہانت، بلاک چین اور ڈیجیٹل تبدیلی کے کردار، پالیسی فریم ورک پر تبادلہ خیال کیا اور تعلیمی اداروں، صنعت اور حکومت کے درمیان تعاون کو تکنیکی ترقی کے لیے کلیدی قرار دیا۔ اسٹیک ہولڈرز نے پائیدار جدت کے لیے تحقیق و ترقی میں سرمایہ کاری بڑھانے، پنجاب میں آئی ٹی سیکٹر کے فروغ اور جدت پر مبنی پالیسیوں کو آگے بڑھانے، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کو مضبوط بنانے کی سفارشات پر بھی غور کیا۔

بقیہ 29

خطاط حضرات کی شرکت، سرزمین جھنگ پر نقش دوام خطاط اینڈ آرٹسٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن جھنگ کے زیر اہتمام دوسری سالانہ قومی قرآنی خطاطی نمائش گزشتہ روز گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول چک جنوبی جھنگ سٹی میں شاندار انداز میں منعقد ہوئی اس خوبصورت اور ...

بعدالت جناب مس زارا اسد صاحبہ
سول جج جھنگ

عنوان مقدمہ: طالب حسین شاہ بنام نگہت بی بی وغیرہ۔ دعویٰ حکم امتناعی دوامی۔ اخبار اشتہار بنام نگہت بی بی دختر منصب علی شاہ نیاز فاطمہ بیوہ منصب علی شاہ اقوام وبیہ قریشی سکنائے محلہ ...

بعدالت جناب حلقہ ریونیو آفیسر
صاحب تحصیلدار/AC.1 شکر گڑھ

بعدالت جناب نعمان طاہر
چوہدری صاحب فیملی کورٹ
تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

بعدالت جناب خالد رضا صاحب
نائب تحصیلدار/AC-1 پتوکی ضلع قصور سرکل پھولنگر

بعدالت جناب محمد عثمان علی صاحب
تحصیلدار تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 9/1L تحصیل رینالہ خورد ...

Artificial Intelligence and Our Lives

Muhammad Ahmad
Registration No: 2023-AG-9975
Program: BS Software Engineering (6th Semester) University of Agriculture Faisalabad

Introduction:

Artificial Intelligence (AI) is one of the most important technologies of our time. It means teaching machines to think, learn, and make decisions like humans. AI is no longer just a science fiction ideait is now part of our everyday life. From mobile phones to hospitals, AI is changing the way we live, work, and study.

AI in Every day life:

We use AI almost every day without realizing it. When Google Maps shows us the fastest route, it is using AI to study traffic. When Netflix or YouTube suggests movies and videos, AI is learning from our choices. Virtual assistants like Siri, Alexa, and Google Assistant are also powered by AI. They help us set reminders, search for information, and even control smart home devices. AI is also helping in important fields. In healthcare, AI can detect diseases early by reading medical images. Doctors use AI systems to plan treatments more effectively. In education, AI- based apps give students lessons that match their learning style. In business, AI chatbots answer customer questions, while fraud detection systems protect companies from scams.

AI in Software Engineering:

For software engineers, AI is opening new opportunities. AI-powered tools help programmers write code faster and with fewer mistakes. Machine learning allows engineers to analyze huge amounts of data and build smart applications. AI can even test software automatically and predict problems before they happen. This makes software development more reliable and creative.

Positive Impact of AI

AI is making life easier in many ways. It saves time, reduces human error, and helps people make better decisions. In agriculture, AI can predict weather and improve crop production. In transportation, AI is used in self-driving cars to make travel safer. In finance, AI helps banks detect fraud and manage risks. These examples show how AI is becoming a part of every industry.

Challenges of AI:

AI is powerful, but it also brings challenges. Privacy is a big issue because AI systems often collect personal data. There are ethical problems too, like bias in algorithms that can lead to unfair results. Many people also worry that AI will replace human jobs in industries such as manufacturing, customer service, and even programming. Governments and organizations must create rules to use AI responsibly.

Future of AI:

The future of AI looks very bright. Self-driving cars, smart cities, and advanced robots are all becoming possible because of AI. For countries like Pakistan, AI is a chance to grow and compete with the world. If students and professionals learn AI skills, they can help build a stronger economy. But it is important to use AI responsibly, with rules to protect people's privacy and rights.

References:

•Russell, S., & Norvig, P. (2021). *Artificial Intelligence: A Modern Approach*. Pearson.

•Marr, B. (2018). *Artificial Intelligence in Practice*. Wiley.

•McCarthy, J. (2007). *What is Artificial Intelligence?* Stanford University.

•World Economic Forum (2020). *The Future of Jobs Report*.

•IBM (2022). *Artificial Intelligence and Machine Learning Overview*

پیر الیاس قادری کی زندگی مشعل راہ: علماء اہلسنّت

باباجی سرکار کی دینی، علمی وملی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا‘ خطابات

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) حضرت مولانا پیر الیاس قادری المعروف باباجی سرکار کے ختم چہلم، پیر سید علی حیدر شاہ بخاری سجادہ نشین آستانہ عالیہ خواجہ دائم الحضوری قصوری کی خصوصی دعا و خطاب، تفصیلات کے مطابق بانی وناظم اعلیٰ دارالعلوم فیضان پنجتن پاک و مرکز اہل سنت مصطفیٰ آباد و ضلعی آرگنائزر جماعت اہل سنت قصور حضرت مولانا پیر [illegible]

علی محسن، سردار راشد ڈوگر، چوہدری یٰسین گل، چوہدری امین گل، علی مصطفیٰ چشتی، حضرت مولانا پیر ولایت چشتی، صاحبزادہ پروفیسر مفتی انعام اللہ اشرفی نوری امیر جماعت اہل سنت لاہور ڈویژن، علامہ مولانا محمد اشرف علی سعیدی (امیر جماعت اہل سنت پاکستان لاہور)، حضرت مولانا مفتی علی حسن رضوی آرگنائزر جماعت اہل سنت لاہور ڈویژن، ضلعی امیر [illegible]

حضرت مولانا پیر الیاس قادری کے ختم چہلم کے موقع پر علما کرام اظہار خیال جبکہ پیر سید علی حیدر شاہ بخاری سجادہ نشین آستانہ عالیہ خواجہ دائم الحضوری قصوری دعا کروا رہے ہیں

اپریل فول

عقیل خان

اپریل فول منانا غیر مسلموں کی اندھی تقلید ہے جو ہم مسلمانوں نے بھی اپنا لی ہے اور ہر سال اس کو نہایت ہی جوش وخروش سے مناتے ہیں اور پھر اپنی کامیابیوں پر بڑے فخر کرتے ہوئے اپنے شکار کی بے بسی کو یاد کرکے اپنی محفلوں میں سناتے ہیں۔ آج اپریل فول کا یہ فتنہ مسلمانوں کی نوجوان نسل کو تباہ کرنے کا سبب بن رہا ہے جسے وہ غیر مسلموں کی پیروی [illegible]

دورِ اسپین سے متعلق ہے اور یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ مسلمانوں نے اسپین میں تقریباً آٹھ سو سال تک حکومت کی، اس دوران عیسائیوں نے مسلمانوں کو شکست دینے اور اسلام کی جڑوں کو اسپین سے اکھاڑ پھینکنے کی بہت رکوششیں کیں مگر ان کو اپنی کسی بھی کوشش میں کامیابی نصیب نہ ہوئی۔ انہوں نے اپنی مسلسل ناکامیوں اور مسلمانوں کی طاقت اور [illegible]

کے چھوٹنے یا آگ لگنے یا انکے اہل وعیال کا ایکسیڈنٹ ہونے کی خبر دی گئی تو وہ مختلف امراض سے دوچار ہوگئے۔ اور بعض لوگوں سے جھوٹے یہ کہا گیا کہ انکی بیوی فلاں آدمی کے ساتھ دیکھی گئی تو یہ چیز اس کے قتل یا طلاق کا سبب بن گئی۔ اسی طرح بہت سارے واقعات وحادثات ہیں جن کی کوئی انتہا نہیں۔ اور سب کے سب جھوٹ کا پلندہ ہیں جنہیں عقل ونقل [illegible]

[illegible] پیغامات اور نئے سال کی ایسی تقریبات کے دعوت نامے بھیجنا شروع کر دئے جنہیں سرے سے منعقد ہونا ہی نہیں تھا۔ اسطرح یہ رسم سارے یورپ میں یکم اپریل کو جھوٹ بول کر لوگوں کو بیوقوف بنانے کے حوالے سے پھیل گئی۔ اس سلسلے کا ایک دوسرا واقعہ مسلمانوں کے [illegible] لیے وہ یکم اپریل کو فول ڈے کے طور پر مناتے ہیں۔ ورا اپریل فول میں ہونے والے حادثات بہت ہیں۔ لوگوں میں سے کتنے ہیں جن کو ان کے لڑکے یا بیوی یا دوست کی وفات کے بارے میں خبر دی گئی تو تکلیف وصدمہ کی تاب نہ لا کر انتقال کر گئے، اور کتنے ہیں جن کو نوکری [illegible] فول یا اس سے مشابہت رکھنے والے کسی بھی غیر اسلامی اور غیر شرعی تہوار کا منانا ناجائز اور حرام ہے۔ اللہ کریم سے دعا ہے کہ وہ ہمیں صحیح اسلامی تعلیمات پر چلنے اور ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور یہود ونصاریٰ کی اندھی تقلید سے محفوظ رکھے۔ آمین

پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول جھنگ سٹی سید لیاقت حسین شاہ امتحانی نتائج کے اعلان کے موقع پر تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

گورنمنٹ ہائی سکول جھنگ سٹی کے امتحانی نتائج کا اعلان

والدین، اساتذہ وطلبہ شریک، نمایاں پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کیے گئے

قوموں کی ترقی کا دارومدار معیاری تعلیم پر ہے‘ پرنسپل سید لیاقت حسین شاہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ ہائی سکول جھنگ سٹی میں سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان، کا باقاعدہ اعلان کر دیا گیا۔ اس موقع پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے فرسٹ، سیکنڈ اور [illegible]

بقیہ نمبر1

ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی کے فیلڈ دورے، امتحانی مراکز کا معائنہ اور ترقیاتی وانتظامی اجلاس

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے ضلع بھر میں مختلف انتظامی وعوامی امور کے حوالے سے متحرک کردار ادا کرتے ہوئے یونین [illegible] میں بھرپور تعاون کریں اور کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ہی تلف کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ "ستھرا پنجاب" ایک اجتماعی ذمہ داری ہے جس کی کامیابی عوامی تعاون سے ہی ممکن ہے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے گوجرانوالہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام جاری میٹرک امتحانات کے مختلف مراکز کا دورہ کیا اور امتحانی عمل کا جائزہ لیا۔

گورنمنٹ ہائی سکول بچیکی کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات

صدارت سینئر ہیڈ ماسٹر رائے اقبال کھرل نے کی‘ سیاسی وسماجی شخصیات شریک

رائے صفدر خان کھرل‘ چودھری ذوالفقار کا سکول میں ٹف ٹائل لگوانے کا اعلان

بچیکی (نامہ نگار) گورنمنٹ ہائی سکول بچیکی کے زیر اہتمام سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت سینئر ہیڈ ماسٹر رائے اقبال حسین کھرل نے کی جبکہ تقریب وزیر مملکت موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر شذرہ منصب کے کوآرڈینیٹر رائے صفدر علی خاں کھرل، معروف رائس ایکسپورٹر چوہدری حاجی ذوالفقار علی، سیاسی وسماجی رہنماء سردار اصغر علی ڈوگر، سماجی کارکن چوہدری وکیل منہیس، ڈاکٹر عادل، رفیق مسیح، رائے محمد افضل، عبدالرحمان ایڈووکیٹ اور ڈاکٹر محمد ابراہیم وسیر سمیت سیاسی وسماجی رہنماؤں، اساتذہ اور طلباء کی بڑی تعداد میں شرکت

بقیہ نمبر2

گورنمنٹ ہائی سکول بچیکی میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے دوران بہترین اساتذہ کے ایوارڈز دیئے جارہے ہیں

بارش کی وجہ سے روڈو سلطان قبرستان کی حالت مزید ابتر

قبرستان میں پانی جمع، قبروں کو نقصان، کئی منہدم‘ نوٹس لیا جائے‘ اہالیان

اٹھارہ ہزاری (آصف شہزاد سے) گزشتہ روز ہونے والی بارش کے بعد روڈو سلطان کے مقامی قبرستان میں پانی جمع ہونے سے صورتحال نہایت تشویشناک اختیار کر گئی ہے۔ قبرستان نشیبی جگہ پر واقع ہونے کے باعث اردگرد کے علاقوں کا بارشی پانی قدرتی بہاؤ کے تحت قبرستان میں جمع ہو جاتا ہے، جس کے باعث نہ صرف قبروں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ کئی قبریں منہدم ہونے کے قریب پہنچ چکی ہیں۔ مقامی افراد کے مطابق بارش کے بعد قبرستان [illegible] مقدس جگہ کی یہ حالت انتہائی افسوسناک ہے، جہاں اپنے پیاروں کی قبریں بھی محفوظ نہیں رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو آئندہ بارشوں میں مزید قبروں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ قبرستان میں کھڑا بارشی پانی ڈینگی مچھر کی افزائش کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتا ہے، جس سے علاقے میں ڈینگی سمیت دیگر بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ شہریوں نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ [illegible]

ڈی پی او ننکانہ صاحب کی پولیس چوکی بچیکی میں کھلی کچہری

سائلین کی شکایات پر متعلقہ افسران کو فوری کارروائی اور دادرسی کی ہدایات

مختلف وارداتوں میں ملنے والا سامان مسروقہ اصل مالکان کے حوالے

بچیکی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد کی پولیس چوکی بچیکی میں کھلی کچہری، سائلین کی شکایات پر متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کی ہدایت، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے مختلف وارداتوں میں ملنے والا سامان مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کیا تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ [illegible] بڑا گھر محمد ایوب ساہی، ایس ایچ او ملک عثمان طارق اور انچارج پولیس چوکی بچیکی چوہدری الطاف کے ہمراہ پولیس چوکی بچیکی میں کھلی کچہری لگائی، انہوں نے کھلی کچہری کے دوران پولیس سے متعلقہ سائلین کی شکایات سنیں اور متعلقہ پولیس افسران کو فوری کارروائی کرنے اور انصاف کی فراہمی کی ہدایت کی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد نے کہا کہ لوگوں کے جان ومال اور عزت کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے، ضلع کے تمام شہروں میں کھلی کچہری لگانے کا مقصد لوگوں کو فوری [illegible] اعتماد کو بڑھانا ہے، انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس سے متعلقہ کسی بھی شکائیت کی صورت میں فوری ان سے رابطہ کریں ان کی شکایات پر فوری

بقیہ نمبر6

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ننکانہ صاحب پولیس چوکی بچیکی میں کھلی کچہری کے دوران سامانِ مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کر رہے ہیں

حجرہ شاہ مقیم میں پولیس مقابلہ‘ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

پولیس نے ناجائز اسلحہ، نقدی بھی برآمد کر لی‘ مقدمہ درج‘ تفتیش شروع

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری رہیں گی‘ ڈی پی او اوکاڑہ

اوکاڑہ (تنویر احمد شاہین) حجرہ شاہ مقیم گاؤں ڈھولا ڈھپئی کے قریب پولیس مقابلہ، خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، ایک ڈاکو پکڑا گیا، ساتھی فرار پولیس کا بڑا کریک ڈاؤن، ڈکیتی میں ملوث ملزم اسلحہ اور نقدی سمیت گرفتار، تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم اور گردونواح میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کا کریک ڈاؤن تیزی سے جاری ہے۔ حجرہ روڈ ڈھولا ڈھپئی کے قریب پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان زبردست مقابلہ پیش آیا، جس کے دوران ایک انتہائی خطرناک اور متعدد سنگین مقدمات میں مطلوب ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب دو مسلح ڈاکوؤں

بقیہ نمبر4

مصطفیٰ آباد: 25 سالہ ذہنی معذور شادی شدہ خاتون مہناز بی بی لاپتہ

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) 25 سالہ ذہنی معذور شادی شدہ خاتون مہناز بی بی لاپتہ، گزشتہ رات ایک بجے کے قریب گھر سے نکلی اور واپس نہ آئی، عوام سے تلاش

بقیہ نمبر3

ننکانہ صاحب میں بیساکھی میلے کی تیاریاں شروع

ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راؤ کا ڈی پی او کے ہمراہ گوردوارہ جنم استھان کا دورہ

سکھ یاتریوں کو ہر قسم کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں‘ تسلیم اختر راؤ

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ننکانہ صاحب میں بیساکھی میلے کے انتظامات کی بھرپور تیاریاں جاری۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب تسلیم اختر راو اور ڈی پی او ارسلان زاہد نے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے گوردوارہ جنم استھان اور اطراف کا دورہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنر شاہ شرافت سمیت دیگر ضلعی افسران بھی ہمراہ تھے۔ ضلعی سربراہان نے اداروں کی جانب سے میلے کی جاری تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گوردوارہ جنم استھان میں سکھ رہنماؤں سردار سرجیت سنگھ کنول اور گوپال سنگھ چاولہ سے ملاقات کی۔ ننکانہ صاحب میں بیساکھی میلے کی تقریبات 10 سے 13 اپریل تک جاری رہیں گی، بیساکھی میلے کی تقریبات میں بھارت سمیت دنیا بھر سے سکھ یاتری شرکت کریں گے۔ دوران وزٹ ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیساکھی میلے میں شرکت کرنے والے سکھ یاتریوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی تمام ضلعی ادارے انتظامات یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیساکھی تقریبات میں شرکت کرنے والے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کریں گے۔ ضلعی ادارے انتظامات کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔ کنٹرول رومز سمیت سی سی ٹی وی کیمروں کو مکمل فعال کر لیا گیا ہے۔ تمام ادارے ہائی الرٹ پر ہونگے، گوردواہ جات میں خصوصی کیمپ قائم ہونگے۔ ڈی سی ننکانہ نے مزید کہا کہ سکھ یاتریوں کی رہائش، لنگر سمیت صفائی ستھرائی کے مثالی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد نے کہا کہ سکھ یاتریوں کی حفاظت کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان تشکیل دے دیا گیا ہے۔ ننکانہ صاحب آنے والے سکھ پاکستانی قوم کے مہمان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے آنے والے سکھ یاتری پاکستان سے اچھی یادیں لیکر جائینگے۔

حجرہ شاہ مقیم کی اسامہ ٹاؤن مسجد میں کرنٹ لگنے سے مستری جاں بحق

حجرہ (نوازش) اسامہ ٹاون مسجد میں ٹائل پتھر کے کام میں مصروف مستری کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم میں اسامہ ٹاون کی مرکزی مسجد میں ٹائل پتھر کے کام میں مصروف اعظم نامی 35 سالہ نوجوان کام کے دوران کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔

معروف قانون دان بیرسٹر چوہدری رضوان احمد سلہریا انٹرنیشنل لائرز کلب یو کے کے چیئرمین منتخب

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) معروف برطانوی قانون دان بیرسٹر چوہدری رضوان احمد سلہریا انٹرنیشنل لائرز کلب یوکے کے چیئرمین منتخب۔ سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے معروف قانون دان بیرسٹر چوہدری رضوان احمد سلہریا کو انٹرنیشنل لائرز کلب یوکے کا چیئرمین منتخب کر لیا گیا ہے۔ نومنتخب چیئرمین بیرسٹر چوہدری رضوان احمد سلہریا نے کہا کہ وکلا کا پیشہ انصاف، انسانی حقوق کے دفاع، جمہوریت اور قانون کی حکمرانی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انٹرنیشنل سطح پر وکلا کی عزت ووقار میں اضافہ کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہوں وکلاء کی اہمیت معاشرے میں کلیدی نوعیت کی ہوتی ہے، وکلاء عام آدمی کو انصاف کی فراہمی کے لئے اپنا کردار ادا [illegible] عرفان خان شیروانی، شیخ محمد طیب، عرفان لطیف میر، احمد حسن سیال، معظم علی سندھو، محمد شعیب، حافظ عبدالغنی، شفاقت علی، انٹرنیشنل بزنس اینڈ پروفیشنل کارپوریشن کے جنرل سیکرٹری عاصم یوسف، سینئر نائب صدر عامر خان، ذاکر خان، میاں منظور حسین ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، ناصر علی واسطی، میاں عبدالستار ودیگر نے مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

سینئر صحافی محسن گجر کی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے محفل

علامہ حافظ شہزاد، زاہد ندیم سلطانی نے ماں کی بے مثال محبت کی شان بیان کی

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ خصوصی) معروف صحافی چوہدری محسن علی گجر کی والدہ محترمہ کے ایصال ثواب کے لیے ختم دسواں شریف مسجد الشمس میں منعقد ہوا۔ محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی پرنور آواز نے دلوں کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ اس کے بعد نعت پاک پیش کی گئی، جس نے حاضرین پر [illegible] لازوال قربانیوں کا ذکر اس انداز میں کیا کہ محفل میں بیٹھا ہر شخص اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا۔ مقررین نے کہا کہ ماں وہ سایہ دار درخت ہے جسکے نیچے انسان ساری زندگی سکون پاتا ہے، اور جب یہی سایہ اٹھ جائے تو زندگی کی دھوپ اور بھی تیز محسوس ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی جدائی ایسا زخم [illegible]

بقیہ نمبر7

معروف قانون دان احسان ہاشمی ایڈووکیٹ رشتہ ازدواج میں منسلک

کوٹلی لوہاراں (نامہ نگار محمد اکرم) شہر کی ممتاز قانونی شخصیت اور معروف قانون دان احسان ہاشمی ایڈووکیٹ کی شادی کی تقریب گزشتہ روز نہایت تزک واحتشام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ تقریب میں وکلاء، سیاسی وسماجی شخصیات اور معززین شہر نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے احوال شادی کی یہ پروقار تقریب مقامی ہال میں منعقد ہوئی جسے برقی قمقموں اور پھولوں سے نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ اس خوشی کے موقع پر احسان ہاشمی کے دوستوں اور ساتھی وکلاء نے روایتی دھوم دھام سے بارات کا استقبال کیا۔ مہمانوں کی تواضع لذیذ

بقیہ نمبر5

NABI AZAM TRAVELS & TOURS

NABI AZAM TRAVELS & TOURS

شوال عمرہ سپیشل آفر ایڈوانس بکنگ کے لیے فوری رابطہ کریں

No.	Dates / Route	Makkah Hotel	Madina Hotel	Sharing	Quad	Triple	Double	Duration
1	24MAR-13APR. LHE-JED-LHE 12+8 21DAYS	LAND PREMIUM HOTEL MAKKAH. 1000 METER	SHAZA MUNAWARA/AMAN HOTEL MDINA. 800 METER	PKR: 270600	PKR: 280500	PKR: 294800	PKR: 328900	21 Days 20 Nights
2	24MAR-13APR. LHE-JED-LHE 12+8 21DAYS	HARIS HOTEL MAKKAH. 850 METER	SHAZA ZAFRANI HOTEL MDINA. 350 METER	PKR: 285400	PKR: 298500	PKR: 306800	PKR: 345500	21 Days 20 Nights
3	25MAR-14APR. LHE-JED-LHE 12+8 21DAYS	HIBA HIJRA 6 HOTEL MAKKAH. SHUTTLE	RETAJ AL MADINA HOTEL MDINA. SHUTTLE	PKR: 245000	PKR: 252000	PKR: 260800	PKR: 280400	21 Days 20 Nights
4	25MAR-14APR. LHE-JED-LHE 12+8 21DAYS	LAND PREMIUM HOTEL MAKKAH. 1000 METER	SHAZA MUNAWARA/AMAN HOTEL MDINA. 800 METER	PKR: 255000	PKR: 264000	PKR: 276700	PKR: 299900	21 Days 20 Nights
5	26MAR-15APR. LHE-JED-LHE 12+8 21DAYS	HARIS HOTEL MAKKAH. 850 METER	SHAZA ZAFRANI HOTEL MDINA. 350 METER	PKR: 275400	PKR: 285500	PKR: 302400	PKR: 338000	21 Days 20 Nights
6	25MAR-14APR. LHE-JED-LHE 12+8 21DAYS	MUKARAM HIJRA HOTEL MAKKAH. 750 METER	SHAZA ZAFRANI HOTEL MDINA. 350 METER	PKR: 278900	PKR: 283300	PKR: 305700	PKR: 341700	21 Days 20 Nights

natravelstours@gmail.com

رابطہ نمبرز

یوسف رضا بھٹی 0313 6509877
عثمان ارشد چوہان 0314 4286583
مدثر حسن چوہان 0334 6871150
سہیل عباس +971551978163

کشمیر مارکیٹ نادرا چوک بیرون ڈسٹرکٹ کورٹ جھنگ

محبوب علی خان
0300-9610182

زرعی سنٹر
امریکن پیسٹ کنٹرول
گھریلو وزرعی ادویات کا مرکز
ہر قسم کے بیج وکھاد بھی دستیاب ہے
پودوں کی بیماریوں کی روک تھام اور دیمک کے خاتمے کیلئے بھی رابطہ کریں
قینچی سٹاپ بالمقابل PEL فیکٹری فیروز پور روڈ لاہور

ضرورت کورٹ رپورٹرز

www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — Member APNS/CPNE — ABC CERTIFIED — نوک قلم کی حرمت کا پاسبان
Daily QADAMAT Lahore
روزنامہ قدامت لاہور
ایڈیٹر ایم گلزار مصطفائی

روزنامہ ”قدامت“ لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیر محل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفر وال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈ دادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کوٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک 0300-6975542

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا‘ جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان‘ ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی‘ ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک‘ سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم‘ ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق